اور اس کو جب آزار پیدا ہوگا۔ تو جانتا کہ دیو کا سایہ ہوگا۔ اور بدن
میں سردی اور پیٹ کا درد اور سر کا درد اور ہول دل ہوگا۔ اور یہ صدقہ
دیوے اور حکیم حاذق کا علاج بھی کرے۔ صندل قسم ایک مرغ لا کر اور
اس کو ذبح کرے اور اس کے خون سے یہ تعویذ لکھ کر بیمار کے گلے باندھے
اور مرغ کا گوشت پکا کر فقیر کو کھلاوے۔ اور اس کے سر اور پاؤں اور
انتڑیوں کو شہر کے باہر لے جا کر کسی درخت کے نیچے دفن کر دیوے تو سات
روز میں آزار دور ہو جائے گا۔ اور بیمار کو آرام ہوگا۔ اور وہ تعویذ یہ ہے

۲۲۲۸۸۸۲۲۲

اور اس شخص پر چار قران یعنی تمام
عمر میں چار خطرے ہیں۔ پہلا قران پہلے برس میں اور پانچویں برس میں اور
ساتویں برس میں اور اٹھائیس برس میں ان چاروں قرانوں سے سالم رہے
گا۔ تو ۹۶ برس کی عمر میں زندگی بسر کرے گا۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے
اور اس طالع والے کو چاند دیکھ کر مرد کی صورت دیکھنا فائدہ ہو
گا۔ اس شخص کے دشمن لوگ تابع میں رہتے ہیں۔ ولیکن قابو اُن
کا نہیں چلے گا۔ اس طالع والے کو لازم ہے۔ کہ اس جنم پتر کا تعویذ
لکھ کر ہمیشہ پاس رکھے کہ ہر ایک بلاؤں سے اور آفتوں سے محفوظ رہے
گا اور اس شخص کو آزار پیدا ہوگا۔ تو یہ آزار ہونگے درد جگر اور
آدھے سر کا درد اور ٹھنڈا تپ اور پیٹ کا درد اور باقی گرمی اور
خشکی اور تپ اور چھاتی کا درد ہوگا۔ اگر یہاں دوائیاں لکھی جاتی ہیں۔
مگر حکیم حاذق سے علاج کرانا بہت مناسب ہے کیونکہ حکیم نادم طبیعت
ہے۔ وہ سمجھ کر اور بوجھ کے درست اور اپنے مخدوم کی خدمت
کرے گا۔ خلاصہ دوائیاں یہ ہیں۔ ان کو کھلانا ان شاء اللہ تعالیٰ
صحت پائے گا۔ نسخہ ہوالشافی منقہ ۶ ماشے صندل سفید ۶ ماشے سونٹھ
۱ تولہ مرچ سیاہ تولہ سب کو باریک کر کے شہد ۴ تولے ملا کر اور ہر
روز نہار منہ وقت فجر کے کھلانا بہت فائدہ مند رہے گا۔ مگر اس دوا
سے آزار دفعہ نہ ہو تو معلوم کرنا کہ دیو پری کا سایہ ہوا ہے۔ اور جن بھی
میں آ گیا ہے۔ اس کا علاج اس طرح کرنا صندل قسم سُرخ رنگ کا

مُرغ لاکر مریض کے سر سے سات بار اُتار کر اور بیمار کے بدن کا پُرانا کپڑا اور سات قسم کا اناج سات پاؤ سب کو ملاکر صدقہ دینا اور جنم پتر کا تعویذ لکھ کر گلے باندھنا اور تین تعویذ لکھ کر دھوکر پلانا اللہ شفا دے گا۔ تعویذ یہ ہے :-

یاحنان	یامنان	یادیان	یارحمان
١٠	١١	ع٢	٨٠
٢٠	ع	٨٠١١	٢٠
اللھم	احفظ فلا	ں بن فلا	ں البلآء

جنم کا تعویذ یہ ہے :-

یہ شکل تعویذ کے ساتھ بھی لکھیں (شکمیہ)

طالع مرد کا برج ثور

یہ طالع حضرت ایوب علیہ السلام کا ہے۔ اس طالع کا درک گاؤمیش کا ہے۔ اور بیساکھ اس ماہ جیٹھ سے تعلق رکھتا ہے۔ اور اس طالع والے کو مہینوں میں سفر کا مہینہ اور دنوں میں جمعہ کا دن ساز دار ہے۔ اس طالع والے کو کھیتی باڑی سے بہت فائدہ ہوگا۔ اس طالع والے شخص کی گردن یا منہ یا پہلو یا چھاتی پر تل دانے کی نشانی ہوگی۔ اس طالع والے کو ہیوپار اور بھینس اور بکریوں سے بہت فائدہ ہو گا۔ خرید و فروخت میں لابھ ہوگی۔ اور اس طالع کے آدمی کی تین شادیاں ہونگی۔ طالع ثور سرطان سنبلہ عقرب۔ جدی کی عورت سے اس کی شادی فائدہ مند ہوگی۔ اور طالع جوزہ۔ دلو میزان۔ قوس۔ حوت۔ سے تکلیف اُٹھا دے۔ اور آٹھ اولاد اُس آدمی کی ہوگی۔ اور اس طالع والے کی مزاج بادی بلغمی ہو طاقت مردمی کم ہو۔ اور مرض ریزش نزلہ اور پیٹ اور آنکھوں کے آزار سے تکلیف ہو۔ جگر۔ تلی۔ گردہ۔ پتھری اور بدہضمی کے سبب سے تکلیف ہو۔ پریشانیوں اور تکلیفوں میں وقت زیادہ بسر کرے گردن اور کان کے درد سے موت ہو تو جھوٹی تہمت سے سخت پریشانی ہو گھوڑے سے گرنے سے چوٹ کھائے۔ کسی جگہ پوشیدہ سے مال ملے یا جائیداد پائے۔

اُور پانچ سال اور ۲۹ سال اور ۳۷ و ۴۷ سال کی عمر میں بیماری سخت پائے۔ اگر اس طالع والے کو مرض کی شدّت ہو تو کسی حاذق حکیم سے رجوع ہونا یا یہ دوا کھانا نسخہ یہ ہے۔ مرچ سیاہ سونٹھ۔ ہلدی ہر ایک تولہ تولہ شہد دو تولے سب کو کوٹ کر ملا کر خوراک چھ ماشے صبح کو شام کھلانا اُور کھٹائی مچھلی مرچ سُرخ سے پرہیز کرنا اگر اس دوا سے آزار دفع نہ ہو بلکہ مرض کی شدت ہو تو سمجھنا کہ دیو پری کا اثر ہوا ہے۔ علامت اُس کی یہ ہے۔ کہ تمام بدن میں درد ہوگا۔ اور ڈر شک دل میں آوے اور نیند میں بڑبڑاتا ہو اور دیوانے کی مثال ہو تو معلوم کرنا کہ بلا شک ملامت کا سایہ ہوا ہے۔ جمعہ کے روز دوپہر کے وقت جھڑپ میں آیا ہے۔ علاج اس کا اس طرح کرنا صدقہ دینا سیاہ مرغ لاکر بیمار کے اُوپر سے اُتار کر جنگل میں چھوڑ دینا اُور یہ تعویذ ۱۲ عدد لکھنے اور ایک مریض کے گلے باندھنا اُور تین تعویذ تین روز تک پلانا انشاءاللہ شفا دے گا ؛

پل انیت پہلے فاتحہ پڑھے اُور عود اور خوشبو جلادے بعد میں تعویذ لکھے۔ تعویذ مندرجہ ذیل یہ ہے ؛

ھاروت علیحب مردود	ھاروت علیحب مردود	ھاروت علیحب مردود	ھاروت علیحب مردود	ھاروت علیحب مردود

اس طالع والے کو تمام عمر میں چار خطرے ہیں۔ پہلا خطرہ چوتھے سال کی عمر میں جادو ٹونے کا ڈر ہے۔ دوسرا خطرہ ساتویں برس کی عمر میں جھڑپ کا ڈر ہے۔ تیسرا خطرہ ستائیس برس کی عمر میں آگ کا خوف ہے۔ چوتھا خطرہ چالیسویں برس کی عمر میں زہر کا ڈر ہے۔ اگر ان چاروں خطروں سے محفوظ رہا تو ۹۲ برس کی عمر بسر کرے گا۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اُور اس طالع پر لازم ہے۔ کہ یہ جنم پتری کا تعویذ لکھ کر پاس رکھے اور اپنے سر میں تاکہ ہر ایک آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے تعویذ مندرجہ ذیل یہ ہے۔ مشک زعفران سے لکھے ؛ جنم پتری کا تعویذ

یا حلیم ۸۱	یا کریم ۱۱	یا عظیم ۱۰
احیا ۱۱	یا باقی ۱۰۱	یا قدیم ۷۰
یا ذوالغفور ۱۱	یا مستطیشا ۱۰۰۶	شراحیا ۲۰۰
فلاں بن فلاں	صاحب التعویذ	اللّٰھم احفظ

طالع مرد کا برج جوزہ

مخفی راس ستارہ عطارد یعنی چہار شنبہ ماہ ہاڑھ سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ طالع حضرت ذکریا علیہ السلام کا ہے۔ اس طالع والے کا ورق سفید بکری کا ہے۔ اور خاصیت اس کی بادی ہے۔ اور مہینوں میں ربیع الاول کا مہینہ اُور دِنوں میں چہار شنبہ کا دِن ہر کاروبار کے لئے اس طالع والے کو

نیک ہے۔ اور اس طالع والے کی چھاتی پر یا کہ ناف پر یا بغل میں تل
دانہ کی نشانی ہوگی۔ اس طالع والے آدمی کی تین شادیاں ہیں۔
بعد کا قول چار ہیں۔ اور اس طالع والے کی سات اولاد ہوگی
اور اس طالع والے کو میکھ سنگھ۔ تلا کھنبھ راس کی عورت
سے سکھ پائے اور کرک برسچک کنیاں۔ مکر راس کی عورت
پریشان ہو۔ سواری کرنے سے خطرہ ہے۔ اور ۳-۵-۸-۱۱-۱۸
۲۰-۲۸ اور ۴۵ برس کی عمر میں بیماری بہت پاوے۔ اگر بیماری
پیدا ہو تو یہ علامت ہوگی کا بجے کا درد اور دانت کا درد اور
بلغم کی کثرت اور سر کا درد اور ٹھنڈا اور تپ اور سردی اور زکام
اور طبیعت کی بیقراری اور بیہوشی اور بھوک و پیاس نہ لگے۔
ایسے مریض کو یہ دوا کھانے کو دینا کہ یہ بہت مفید ہے۔ نسخہ
دوا۔ آملہ۔ ہلدی۔ دھنیا۔ سونٹھ ہر ایک تولہ تولہ سب کو کوٹ
کر چھان کر چار تولے شہد ملا کر سات روز کھلانا کھٹائی مچھلی مرچ
لال کا پرہیز کرنا انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ کریگا اور اگر دوا کھاتے
آزار سخت ہو تو جان لیں کہ اس کو چہار شنبہ یعنی بدھوار کے
روز نو طاس کے عمل میں جنگل کے بلا کا جھڑپ ہوا ہے اس کا
علاج اس طرح کرنا اور یہ صدقہ دینا صدقہ بکری کا مہر اور
چار پاؤں اوپر سے اتار کر میدان میں لیجا کر دفن کر دینا اور
یہ تعویذ لکھ کر اس کے گلے میں باندھنا بہت فائدہ ہوگا اور

انفضال الٰہی سے بیمار شفا پائیگا وہ تعویذ یہ ہے اور اس طالع
کو ہر دو خطرے ہیں:۔

۲۱ ی ۶ ی ۸ ۵ ۲ ۶ ع ۳ ع ع ۲

پہلا خطرہ تین برس کی عمر میں پانی میں غرق ہونیکا ڈر ہے اور دوسرا
خطرہ پچیس برس کی عمر میں زہر کا اور جادو کا خوف ہے۔ اگر
ان آفتوں سے محفوظ اور سلامت رہا تو کل اسی برس دو ماہ
ایک ہفتہ تیسری گھڑی تک ہے۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔
دوسرا کوئی نہیں جانتا ہے۔ اور اس طالع والیکو یہ جنم پتری کا
تعویذ لکھ کر گلے باندھنا بہت مفید ہے ہر طرح کی آفت اور
بلاؤں اور جادو اور خطروں سے بیچ حفیظ حفیظ حضرت
حافظ حقیقی کے محفوظ رہے گا۔ تعویذ یہ ہے۔ مشک زعفران
سے لکھے:۔

یا قدیر	یا قادر	یا قوی	یا کریم	یا رحیم
۸	۸۵	۱۵	۱۵۵	۹۵۵
۱۱۵	۱۵۵	۱۱۱۵	۵۹	۸۸
۵۹	۳۳	۱۶۰	۶۵	۲۲

فصل چوتھی طالع مرد کا برج سرطان

کرک راس ستارہ قمر یعنی دوشنبہ ماہ ساون سے تعلق رکھتا ہے اگر چار باقی بچے تو برج سرطان طالع ہے - اور اس طالع والے کا ورک خرگوش کا ہے - اور یہ طالع حضرت رسول مقبول خاتم النبین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طالع ہے - اور اس طالع والے آدمی کی چھاتی یا ہاتھ یا ران پر تل واتے کی نشانی ہوگی - وہ نشانی نیک بختی ہے - اس طالع کے آدمی کو دکھ درد بہت کم ہوا کرے گا - اگر کبھی بیمار ہوگا - تو بہت جلدی شفا پائے گا اس طالع کے آدمی کو پیشاب اور پیٹ کے امراض زیادہ ہوتے ہیں - اور کھانسی کی مرض میں ہمیشہ مبتلا رہتا ہے اور اس طالع والے کی تین شادیاں ہیں - اور ۹ اولاد ہوگی اور اس طالع والے کو ۵ برس کی عمر ہیں اور ۱۴ برس کی عمر میں تکلیف سے پریشان ہوگا - اور اس طالع والے کو کرک کنیاں مین برسچک راس کی عورت سے اس کی شادی فائدہ مند ہوگی - اور سنگھ - تلا - دھن راس کی عورت سے شادی کرنے سے تکلیف اٹھاوے - اور اس طالع والے کو بیماری آوے تو جان لیں کہ سردی کا آزار پیدا ہوا ہے - یا کہ بلغم کا یا کہ پیٹ کا یا کھانسی اور درد سر اور زکام سینہ کا درد

اور شوخلق اور ناحق غصہ ہونا اور بھوک کم اور پیاس زیادہ ہوگی اور طبیعت میں بیقراری پیدا ہو اور بے آرام اور بے چین رہنا اور بدن میں طاقت بھی کم ہو جاتا اس کے لئے بھی صدقہ دینا صدقہ یہ ہے - ماش پاؤ نمک پاؤ ہلدی نوٹانک اور ایک انڈہ مرغی کا پیلا رنگ لینا اور ایک تولہ کو کم اور لال رنگ کے تین عدد پھول ان سب چیزوں کو ایک نئی صحنک میں رکھ کر اس مریض کے سر سے صدقہ اتار کر گاؤں کے باہر کسی باغ کے کنارے رکھ دینا اور مریض کو گرم پانی سے غسل دینا اور یہ تعویذ چار عدد لکھنا بعد غسل ایک تعویذ مریض کے گلے باندھنا اور تین تعویذ ایک ایک تین روز تک تازہ پانی میں دھو کر نہار منہ پیلانا تعویذ یہ ہے مشک زعفران سے لکھے تعویذ یہ ہے :-

ی ی ی ی ی	۱۱۱ ۱۱۱ ع	ح ح ح ح ح ح ح ح
ی می ی می می	۴۴۴۴۴۴	ح ح ح ح ح ح ح ح
می ی می می می	م م م م	علے علے علے علے
می می می می می	م م م م	علے علے علے علے

اور یہ پلیتہ تین عدد لکھ کر تین دن تک مریض کے ناک میں دھواں دینا پلیتہ یہ ہے :-

۱۶

اور اس تعویذ اور پلیتہ سے آزار نہیں گیا تو سمجھنا کہ پیر کے روز دیو طاس کے عمل میں پریوں کی نظر ہوئی ہے جھڑپ میں آیا ہے۔ اس کا علاج اس طرح کرنا ایک مرغ لا کر اس کو ذبح کر کے اس کے خون سے یہ پری کی صورت لکھ کر کسی پرانی دیوار کی جڑ میں گاڑ دینا کہ آزار دفعہ ہوگا۔ صورت پری کی یہ ہے۔ اور اس کو مریض کے بدن پر پھیرا کر پرانی دیوار میں دفن کریں ؛؛

اس پلیتہ کو لکھ کر ناک میں تین روز تک دھواں دینا پلیتہ یہ ہے۔

اور اس طالع والے پر تمام عمر میں چار بہت خطرے ہیں پہلا خطرہ پانچویں برس کی عمر میں جادو کا ڈر ہے سگوں کی طرف سے دوسرا خطرہ اٹھارویں برس کی عمر میں زہر کا ڈر ہے۔ دشمنوں کی طرف سے تیسرا خطرہ تیس برس کی عمر میں آگ کا خطرہ ہے

چوتھا خطرہ چالیس برس کی عمر میں تلوار کا ڈر ہے اگر ان چاروں خطروں سے محفوظ رہا تو پچاسی برس تک عمر بسر کرے گا۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اس طالع والے انسان کو ہر کام و کاج کرنے اور کہیں جانے کو اور آنے کو پیر کا دن بہت خوب ساز وار ہے۔ اور مہینوں میں ربیع الثانی کا مہینہ راست اور نیک رہے گا۔ ہر ایک کام کے واسطے بہت مبارک ہوگا سب کاروبار اس مہینہ میں اچھا رہے گا۔ اور اس طالع والے کو جنم پتر کا تعویذ لکھ کر گلے باندھنا ہر بلا اور مصیبت سے خدا کے فضل سے آرام میں رہے گا۔ تعویذ جنم پتر کا یہ ہے ؛؛

اھیا	شر اھیا	یا حی	یا قیوم
یا رزاق	یا نور	یا ودود	یا ھنوس
یا فتحت	بی حتتک	یا ارحم	الراحمین
اللھم	احفظ	التعویذ فلاں	بن فلاں

برائے طالع مرد کا برج اسد

سنگھ راس ستارہ شمش یعنی یک شنبہ ورک شیر تعلق ماہ بھادوں سے رکھتا ہے۔ اگر پانچ باقی رہیں تو برج اسد

یہ ستارہ حضرت مرتضٰے علی شاہ مردان کا ہے۔ اور ایک روائیت
ہیں مریخ اور دوسری ہیں زحل حضرت مرتضٰے علی کا ستارہ ہے
اور برج آتشی ہے۔ اور اس طالع کے شخص کی گردن پر یا
منہ پر یا کمر پر تل دانہ کی نشانی ہوگی یہ نشانی علامت نیک بختی اور
طالع مندی ہے۔ اور اس طالع والیکو بلند مقاموں اور اونچی
جگہوں سے گرنے یا کچھ ضرب لگنے کا خوف ہے۔ اور آگ کا بھی
وسواس ہے۔ اور اس طالع والے آدمی کو لکڑی یا پتھر کا زخم
پہونچیگا۔ بلکہ جان کا بھی ڈر ہے۔ اور پانی میں غرق ہونے
کا ڈر ہے۔ اور اس طالع والے کی دو شادیاں بھی ہونگی اور
چھ اولاد بھی ہوگی۔ اور اس طالع والے کو یہ بیماری پیدا
ہوگی درد پیٹ اور بائی کا درد اور گرمی اور خشکی اور چھاتی
کا درد اور کلیجے کا درد آدھے سر کا درد اور ٹھنڈا تپ کا
آزار اور کھانسی زکام کا آزار پیدا ہوگا۔ تو یہ دوا کھانے
کو دینا۔ نسخہ مویز منکہ۔ مصری۔ صندل۔ ہر ایک چھ
چھ ماشے سونٹھ تولہ مرچ سیاہ چھ چھ ماشے سب کو
کوٹ چھان کر چھ تولے شہد ملا کر نہار منہ تین دن صبح کے
وقت کھلانا تیل مرچ کھٹائی مچھلی کا پرہیز کرنا اگر اس دوا سے
فائدہ نہ ہو تو معلوم کرنا کہ دیو پری کا سایہ ہوا ہے۔ اس کا
علاج اس طرح کرنا صدقہ دینا حکل قہ ایک مرغ سرخ

رنگ کالا کر مریض کے سر سے اُتارنا اور مریض کے بدن کا کپڑا اور
رودے اور سات جنس کا اناج پاؤ پاؤ بھر یہ سب لاکر صدقہ
دینا یہ تعویذ چار عدد لکھنا ایک مریض کے گلے باندھنا اور باقی
ایک ایک پانی میں دھو کر پلانا انشاء اللہ فضل کرے گا۔ تعویذ یہ ہے

—— : یاحق : ——

یا قاھر یا قوی یا قادر یا شافی یا کافی یا وافی یا معافی یا رب

اور اس طالع والے کو مخفون۔ تلا۔ دھن۔ کنبھ۔ راس کی
عورتوں سے شادی کرنا اُن سے فائدہ ہوگا۔ اور کرک برسچک
مکر اور مین راس کی عورتوں سے شادی کرنی منحوس ہے اس
طالع والے کو ۵ برس کی عمر میں اور دس برس اور ۲۷ برس اور ۳۰
برس یا مہینہ میں بیماری سے تکلیف اُٹھا دے اور اس طالع
والے کو تمام عمر میں چار خطرے ہیں پہلا خطرہ ۲ دو برس کی عمر
جھڑپ کے سبب سے ہوگا۔ دوسرا خطرہ چار برس کی عمر میں جادو
کا وسواس ہے۔ تیسرا خطرہ بتیس برس کی عمر میں چار آفتیں اور
دُو مرے بھی گذر جائینگے اور آگ کا خوف ہے۔ چوتھا خطرہ
پچاس برس کی عمر میں سانپ کا ڈر ہے۔ اور زہر کا خطرہ ہے۔
اور چار خطروں سے سالم رہا تو ۹۵ پچانویں برس کی عمر بسر کرے
گا۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اگر اس طالع والے کو طفولیت

بیں آزار پیدا ہوگا تو اس طرح علاج کرنا ایک مرغ لاکر ذبح
کر کے اس کے خون سے تعویذ لکھنا اور گلے باندھنا خدا فضل
کرے گا۔ شفا پائے گا۔ اور اس مرغ کو اس پر سے اُتارنا اور
صدقہ دینا صدقہ کیلئے ۲ عدد لیموں ایک عدد۔ پان ۲ عدد
سپاریاں ۲ عدد سب کو صدقہ اُتارنا اور پانی میں ڈال دینا
کیونکہ اس کو اتوار کے روز پانی کی بلا کی نظر ہوئی ہے صبات روز
میں آرام ہوگا۔ اور پلیتہ لکھ کر تین دن تک ایس دھواں دینا تعویذ
و پلیتہ یہ ہے :۔

تعویذ گلے باندھنے کا :۔

ررررر مرمر سا ااا ااا اا ا یے یے یے یے ۔
بے ے :۔
پلیتہ یہ ہے
عجمی عجمی عجمی عجمی عجمی

اور اس طالع کا آدمی حرام نہ کرے کیونکہ جادو کا دسواس ہے اور جھوٹ
بولنے سے اس کو فائدہ ہوگا۔ اور اس کو تیر اور تلوار کا بہت شوق
ہوگا۔ اور یہ طالع والا جس وقت پہلا چاند دیکھے اور اچھی وقت

عورت کی صورت دیکھے بہت مبارک ہے۔ مرد کی صورت نہ دیکھے
سانزدارنہ ہوگی۔ یہ جنم پتر کا تعویذ گلے باندھے تو ہر ایک آفت
اور بلا سے محفوظ رہے گا تعویذ جنم کا یہ ہے :۔

یا نور	یا غفور	یا ودود	یا رب
یا کبیر	یا رؤف	یا قائم	یا باری حیٔ
اللّٰھم	احفظ	صاحب التعویذ	یا حافظ

فلاں بن فلاں

برائے طالع مرد کا برج سنبلہ

کنیاں راس ستارہ عطارد یعنی چہارشنبہ ماہ اسوج سے
تعلق رکھتی ہے۔ اور پیغمبروں کے طالعوں میں حضرت الیاس
علیہ السلام کا طالع ہے۔ اور اس طالع والے کی ناف میں
شرم کی جگہ پر تل دانہ کا نشان ہوگا۔ اور یہ نشانی طالع مندی
اور بختی دری ہے۔ اور اس طالع والے کی پانچ شادیاں ہونگی
اور ۸ اولاد ہوگی اور اس طالع والے کو بیماری پیدا ہوگی۔
تو جادو ٹونے کے سبب سے پیدا ہوگی جو کہ اس کے سگوں
بھائی کرینگے اور اس طالع کے آدمی کو کرک۔ برسچک میں
راس کی عورت سے فائدہ ہو اور مقہن :۔ مثلاً۔ کنبھ راس کی عورت

سے نقصان اُٹھا دے اور ۲-۵-۱۰-۱۸ برس کی عمر میں بیماری سخت پا دے اور اس طالع کے آدمی کو سانپ کا بہت خوف ہے۔ خبردار ہے۔ اور ہوشیار رہے اور حکما فرماتے ہیں کہ اگر اس طالع کے انسان کو بیماری آئے گی۔ تو معلوم کرنا کہ پریوں کی جھڑپ ہوتی ہے پانی کے نزدیک یا کہ چہار شنبہ کے روز دوپہر کے وقت نہانے میں جھڑپ ہوگی جس سے اُس کی عقل و ہوش جاتی رہے گی اور حول دِل پیدا ہوگا۔ اور یہ بیماری پیدا ہوگی۔ ٹھنڈ تپ آوے گی اور بھوک اور پیاس بہت کم ہوگی بلکہ پیاس نہ لگے گی اور دردِ سر اور نزلہ زکام اور کھانسی اور بے طاقتی پیدا ہوگی اور ناحق خود بخود غصّہ کرے گا۔ اور نیند میں بڑے بڑے خواب دیکھے گا۔ جان لیں کہ پری کا سایا ہُوا ہے۔ اس کا علاج اس طرح کرنا علاج ایک سُرخ رنگ کا مُرغ لا کر ذبح کر کے اس کے خون سے یہ چار تعویذ لکھنے اور ایک تعویذ مریض کے گلے باندھنا اور ایک ایک دھو کر تین دِن پلانا خدا کے فضل و کرم سے بیمار کو شفا ہوگی آرام پائے گا۔ اور تعویذ یہ ہے ؂

ہ	و	۱۱	ی	ی	ح	۱۱	ی
ن	د	ی	د	م	و	ی	ی
د	م	م	م	و	ی	و	م

اور یہ پلیتہ بھی مُرغ کے خون سے تین عدد لکھنا اور مریض کے ناک میں تین دِن تک شام کے وقت دھواں دینا سب بلا انشاءاللہ دور ہو گی۔ پلیتہ یہ ہے ؂

عجمہ عجمہ عجمہ عجمہ عجمہ عجمہ

اور اس مرغ کا سر اور پاؤں اور پر اور دل اور کلیجہ اور آنتیں ان سب کو زمین میں دفن کر دینا اور اس کا گوشت پکا کر نوش جان کر جانا اور مریض کو نہ کھلانا اور طالع کے آدمی کو تمام عمر میں تین خطرے ہیں۔ پہلا خطرہ ۹ برس کی عمر میں جادو کا ٹونے کا ڈر ہے دوسرا خطرہ ۱۸ برس کی عمر میں سانپ کے زہر کا دشواری ہے۔ تیسرا خطرہ ۴۲ بیالیس برس کی عمر میں تیر اور گولی کا خطرہ ہے۔ اگر ان تینوں خطروں سے صحیح و سالم رہ تو ۹۰ برس کی عمر تک زندگی بسر کرے گا غائب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اور اس طالع والے کو مہینوں میں جمادی الآخر کا مہینہ اور دِنوں میں چہار شنبہ کا دِن ہر کاروبار کے لئے مبارک ہے۔ اور اس طالع والے کو جنم پتر کا تعویذ لکھ کر پاس رکھیں تمام آفتوں اور بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ تعویذ یہ ہے ؂

بیہ تعویذ کا نقش ہے۔

یا تواب	یا وہاب	یا غفور	یا حنان	یا منان
یا مجیل	یا رب	یا غفران	یا اھیان	شراھیا
اللھم	احفظ	صاحب	القعوبذ	فلاں بن فلاں
اللہ انت	الغفور انا	المنع ضمن	یدع المنا اک	الغفور یا رباب

صفحہ نمبر ۲۰۶ پر ملاحظہ کریں

طالع مرد کا برج میزان

ہندی تلا راس ستارہ زہرہ یعنی جمعہ ماہ کاتک سے تعلق ہے۔ اور اس طالع والے کا ورک ہرن کا ہے۔ اس طالع کی خاصیت بادی ہے۔ یہ طالع حضرت موسےٰ علیہ السلام اور اس طالع والے شخص کو دیوانے کتے کا ڈر ہے اور تیر وتلوار کا بھی خوف ہے۔ اور اس طالع کے آدمی کو عوامی عورتوں کی طرف سے ناحق بدنامی اور جھوٹی تہمت آئے گی۔ اور ان بد عورتوں کے سبب سے سخت مشکل پیش آئے گی۔ لیکن فضل الہٰی سے جلد آسان ہو گی۔ اور یہ شخص عوام کاری

کرے گا۔ اس کو پرنے کا آزار ہو گا۔ اس طالع کے شخص کی چھاتی پر اور کندھے یا پیٹ پر تل دانہ کی نشانی ہو گی یہ نشانی نیک بختی کی ہے۔ اور اس طالع والے کو بیماری آئے گی تو معلوم کرنا کہ جمعہ کے دن ۹ نو طاس کے عمل میں جن کی نظر ہوئی ہے یا خبیث کا سایا ہوا ہے۔ علامت اس کی یہ ہو گی تمام جسم میں سردی کا آزار ہو اور سر کا درد اور ہاتھ پاؤں سست ہوں اور کمر کا درد اور چھاتی کا درد اور کھانسی نزلہ زکام اور حول دل پیدا ہو گا۔ اور عقل بھی کم ہو اور اندیشہ و غصہ بہت پیدا ہو اور بھوک اور پیاس پر بہت طلب نہ ہو اور ٹھنڈا تپ بھی شروع ہو اور اپنے آپ ہی بکا کرے اور دیوانے کی طرح خود بخود گفتگو کیا کرے اور نیند میں بھی بڑبڑ والے اور خواب میں شیطان کی صورت نظر آوے اور بے آرام ہو اس وجہ سے بیماری ہو تو معلوم کریں کہ جن کی نظر ہوتی ہے اس کا علاج اس طرح کرنا ایک مرغ لا کر ذبح کرنا اس کا سر اور پاؤں و دل و کلیجہ یہ سب بیمار پر سے اتار کر کہیں دور ڈال دیں اور اس کے خون سے چار تعویذ لکھنا اور ایک مریض کے گلے باندھنا اور تین تعویذ ہر روز ایک ایک دھو کر پلانا اسی علاج سے بحکم خدا سب بلائیں دور ہوں گی اور انشاء اللہ تعالےٰ تعویذ یہ ہے:۔ صفحہ نمبر ۲۰۹ پر

یہ تعویذ کا نقش ہے

۸۸۸	۲۰۰۲۰۰	۷۷۷	۸۸۸	۲۲۲
۷۷۷	۲۴۴	۶۶۶	۲۰۰	۲۰۰
۱۰۱۰		۱۱۱۱	۲۲	۲۲

اور اس پلیتہ کو تین روز تک بیمار کے ناک میں دھواں دینا انشاء اللہ تعالےٰ سب آزار دفع ہونگے اور بلا دور ہو گی پلیتہ یہ ہے۔ اس طرح لکھے

اور یہ تعویذ کھانے کو دینا نسخہ۔ ہلدی۔ آملے۔ مویرا۔ منقہ۔ پیلا امول ستوا سونٹھ ہر ایک چھ ماشے چھ ماشے سب کو کوٹ چھان کر چار تولہ شہد ملا کر خوراک ۱ تولہ۔ تولہ صبح نہار منہ اور شام کو کھلانا اور مرچ تیل کھٹائی مچھلی سے پرہیز کرنا انشاء اللہ تعالےٰ شفاء ہو گی۔ بعد ازاں شفاء بیمار کے تھوڑا کھانا پکا کر حضرت پیران پیر غوث الاعظم دستگیر کے نام کی فاتحہ دلا کر کچھ تھوڑے خویش و اقارب اور کچھ تھوڑے فقراں کو غرباؤں کو کھلا دینا اور اس طالع والے کی ایک ہی شادی ہو گی۔ چار اولاد ہو گی۔ اس طالع کے انسان کو تمام عمر میں ایک تبدیلہ ہو گی۔ اور اس عورت سے بہت خوبی دیکھے گا۔ اور ایک مدت تحویل اس کے ساتھ عیش و عشرت کریگا۔ اور اس عورت سے اولاد بھی ہو گی اور رزق روزی

اور اس طالع والے کو عورتوں کی طرف سے جادو ٹونا چلیگا خبردار ہے یہ کام آپ کے سکوں کی طرف سے ہوگا۔ اور اس کو مکھن راس اور تلا اور دھن اور کنبھ راس کی عورت سے آرام پائے گا۔ اور برک کرک۔ برسچک۔ مین راس کی عورت سے پریشانی و تکلیف اٹھا دے اور ۸-۱۲-۹-۲۸-۳۴ برس کی عمر میں خطرہ ہے بیماری سخت پائے جگر گردہ انتڑیوں کی مرض سخت ہوگی اور اس طالع کے انسان پر پانچ خطرے ہیں۔ تمام عمر میں اور پہلا خطرہ ساتویں برس کی عمر میں زہر کا دسواس ہے۔ سگوں کی طرف سے ہوگا۔ اور دوسرا دسویں برس کی عمر میں پانی کے پاس دشمن کی طرف سے ہے۔ تیسرا خطرہ اٹھارایں برس کی عمر میں تلوار کے زخم کا دشمن کی طرف سے چوتھا خطرہ بائیس ۲۲ برس کی عمر میں جنگل میں باگ کی طرف ہے۔ پانچویں خطرہ پچاس برس کی عمر میں دیو ادر پری کا ہے۔ اگر ان ۵ پانچوں خطروں سے صحیح وسالم رہا تو نوے ۹۰ برس کی عمر بسر کرے گا۔ غیب کی خبر اللہ جانتا ہے۔ اور یہ طالع والا تینتس ۳۳ برس کی عمر گذرنے کے بعد مال و دولت و نعمت و جمعیت پائے گا۔ خیر و برکت اس کے گھر پیدا ہو گی۔ اور اس طالع کے شخص کو سرداروں اور امیروں سے بہت عزت ہو گی۔ اور اس طالع والے آدمی کے دشمن بہت ہونگے اور اس کے قابو میں رہیں گے۔ لیکن اس پر غلبہ نہیں پائینگے اور طالع کے شخص کو برے رنگ کی پوشاک،

پہننے کی ہوس ہوگی۔ اور اس طالع کا قرآن خوانی یار دوست اور حرص کم خوش خلق حرام سے پرہیز اسم خدا زبان پر اور اس طالع کے آدمی کو ہر ایک کام وکاج روزگار کے واسطے مہینوں میں رجب کا مہینہ اور دنوں میں جمعہ کا بہت مبارک ہوگا۔ اس طالع والیکو جنم پتر کا تعویذ لکھ کر گلے باندھنا بہت مفید ہے اللہ کے فضل وکرم سے سب بلاؤں سے آرام میں رہے گا۔ اور سب آفتیں دور ہونگی تعویذ جنم پتر کا یہ ہے۔ اس کو زعفران ومشک سے لکھے اور گلے میں باندھے :

یا اللہ یا شکور	یا غفور	یا رحیم	یا عظیم وہ
یا من ھو	یا ھو	یا شراھیا	یا اھیا

اللّٰھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں

طالع برج عقرب مرد کا

برج عقرب ہندی برسچک راس ستارہ مریخ روز سہ شنبہ یعنی منگل ماہ مگھر سے تعلق ہے۔ اور درک کالے بچھو کا ہے۔ اور یہ برج آبی ہے۔ یہ طالع حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام کا ہے۔ اس طالع والے کے سیدھے ہاتھ میں یا کہ ران پر

شا	شا	شا	شا	شا	شا	شا
مي	في	في	في	في	تي	نی
کا	کا	کا	سکا	کا	کا	کا
فی	فی	فی	فی	فی	فی	فی

✱ پلیتہ یہ ہے ✱

= ۵/۹ = ... = ۱۱ ۱۵

اور یہ دوا کھانے کو دینی نسخہ دوا۔ لونگ ۶ ماشے ودرج ۶ ماشہ مرچ سیاہ تولہ دار چینی تولہ سب کو کوٹ چھان کر تین تولے شہد ملا کر تین دفعہ تک صبح نہار وشام کو کھلانا تیل مرچ مچھلی کھٹائی سے پرہیز کرنا خدا کے فضل وکرم سے آرام ہوگا :

اس طالع والے کے چار شادیاں ہونگی اور ۵ اولاد ہوگی اور طالع کے انسانوں کو کنیا راس اور برسچک راس کی عورت سے آرام پائے گا۔ اور میکھ راس اور سنگھ راس کی عورت سے پریشان ہوگا۔ بواسیر اور بادی مرض سے دکھ پائے ۲ برس کی عمر میں اور ۵ برس اور ۱۰ برس اور ۱۲ برس اور ۱۸ برس ۲۰ برس اور ۲۳

اعمال شر:

یہ عمل ان لوگوں کے لیے ہیں جو بے حد مجبور اور لاچار ہیں اور کچھ کر نہیں سکتیں۔

۱) دشمن پر جنات مسلط کرنا

۲) دشمن کو سخت بیمار کرنا

۳) دشمن کا پیشاب باندھنا

۴) دشمن کو طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا کرنا

۵) دشمن کا کاروبار باندھنا

عمل کے لیے واٹس ایپ کریں: 03002293971

تل دانہ کا نشان ہوگا - یہ نشانی نیک بختی اور طالع مندی کی ہے اس طالع والے کو ۳۲ سال عمر گذرنے کے بعد مال و دولت کی کثرت ہوگی اس طالع والے کو بیماری آئے گی تو معلوم کرنا کہ منگل کے دن پانچویں طالع کے عمل میں رات کے وقت مسنوٹے کی بلا کا سایہ ہوا ہے - گھر کے آنگن سے یا کہیں اور جگہ سے جھڑپ آیا ہے - اس کا علاج اس طرح کرنا کہ ایک برس کی عمر کا سیاہ یعنی کالے رنگ کا بچہ لا کے اُس کو ذبح کر کے اُس کے پاؤں اور سر اور کلیجہ اور دل یہ سب اس بیمار کے سر سے اتار کر گاؤں سے باہر دُور میدان میں رکھ کر چلے آنا اور اُس کی اُوجھڑی زمین میں دفن کرانا اور گوشت اُس کا دو حصّہ کرنا اور حصّہ فقیروں کو دینا اور ایک حصّہ گھر میں پکا کر کھانا اور بیمار کو اس میں سے ہرگز نہ دینا اور صدقہ دینے کے بعد یہ تعویذ چار عدد لکھنا اور ایک مریض کے گلے باندھنا اور تین عدد تعویذ، تین روز تک ایک ایک دھو کر پلانا ان اللہ تعالے اشفا پائے گا - تعویذ یہ ہے - اور زعفران و مشک اور اسی بکرے کا خون ملا کر تعویذ لکھنے یہ ہے :: اور یہ پلیتہ بھی تین عدد لکھ کر تین دن ناک میں دھواں دینا وہ پلیتہ یہ ہے :: صفحہ نمبر ۲۱۳ پر ملاحظہ کریں :: (شکریہ)

برس کی عمر میں بیماری سخت پاوئے اور اس طالع والے پر تمام عمر میں تین سخت خطرے ہیں - پہلا خطرہ ۸ برس کی عمر میں دشمنوں کی طرف سے جادو کا ہوگا - دوسرا خطرہ ۲۴ برس کی عمر میں ہوگا - زہر کا بھائیوں کی طرف سے ہوگا - تیسرا خطرہ بتیس ۳۲ برس کی عمر میں تلوار کا ایک دشمن کی طرف سے ہوگا - اگر ان تینوں خطروں سے، صحیح و سلامت رہا تو پچانویں برس کی عمر بسر کرے گا - غیب کی خبر خدا جانتا ہے - اور اس طالع کے آدمی کو مہینوں میں شعبان المعظم اور دنوں میں منگل کا دن جس وقت نیک ساز دار آئے گا - اور واسطے ہر ایک کام کاج روزگار میں ہر ایک کار خیر کو اور سفر کو یہ مہینہ اور یہ دن اس طالع والیکو بہت نیک اور سازگار ہے - اور اس طالع کا آدمی دُور کی مسافری کو جائے گا - تو نقصان اُٹھائے گا - نقصان تو کیا بلکہ بہت خرابی پیش آوے گی جان کا بھی خطرہ ہے - اس طالع والے انسان کو بیلوں اور بکریوں سے بہت فائدہ ہوگا اگر خرید و فروخت کرے گا - تو بہت منافع ہاتھ آئے گا - اس طالع والے کو دشمنوں کا بہت ڈر ہے - یہ جنم پتر کا تعویذ لکھ کر پاس رکھے - تعویذ یہ ہے!

یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم ★				یا دفع
یا عظیم	یا علیم	علیم یا	یا کریم ★	یا اھیا	باانثراھیا
یا رب	اللّٰھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں				یا حق

زند
سنیاسی برکت علی ساکن گڑھا بکھ کو یاد رکھیں

طالع برج قوس مرد کا

ہندی دھن راس ستارہ مشتری یعنی جمعرات ماہ پوہ سے تعلق رکھتا ہے۔ برج آتشی ہے۔ یہ طالع حضرت یوسف علیہ السلام کا ہے۔ اس طالع کا ورک ہدہد پرندہ کا ہے۔ اس طالع والے کے سر یا چھاتی یا گردن میں تل دانہ کا نشان ہوگا۔ یہ نشان نیک بختی کا ہے۔ کھیتی باڑی سے فائدہ ہوگا۔ اونچی جگہ سے گرنے کا خطرہ ہے اور کھوڑے کا بھی تیئیس ۲۳ سال عمر گذرنے کے بعد دنیاوی مال ہاتھ آئے گا۔ ۵ شادیاں ہونگی۔ اور ۹ اولاد اس طالع والے کو حرامی عورتوں سے جادو ٹونے کا ڈر ہے۔ خبردار رہے۔ اگر بیماری آوے گی تو معلوم کرنا کہ پانچ شنبہ کے روز چھاہ طاس کے وقت میں سبز پری کا سایہ ہوا ہے۔ اور تجربہ میں آیا ہے۔ اور دعا کھانے سے سایا کے سبب سے فائدہ نہ ہوگا۔ اور بیماری روز بروز زیادہ ہوگی اور ہول دل اور آدھے سر کا درد اور تپ اور پیٹ کا درد اور پسلی کا درد اور پاؤں کا درد اور بھوک پیاس کم یعنی نہ لگے اور دل میں وسواس اور خطرہ بہت آوے اور کھانسی اور سردی نزلہ زکام اور ٹھنڈ تپ غالب رہے۔ اور عقل وہوش میں تفاوت پیدا ہو اور تن بدن کا آزار پیدا ہو اس کا علاج اس طرح کرنا علاج ایک مرغ کالے رنگ کا لاکر اس کو ذبح کر کے اس کے خون سے یہ تعویذ لکھنا اور ساتھ ہی پری کی شکل بنانا اور مریض کے بدن پر پھیرا کر ندی یا نہر کے کنارے دفن کر

اور اس مرغ کے پاؤں اور سر اس بیمار پر سے اُتار کر جنگل میں پھینک دینا اور گوشت مرغ پکا کر خود کھانا اور بیمار کو ہرگز نہ دینا تعویذ حد پری یہ ہے :-

ھ ۱۱۱۱ ک ۲ ھ ی ھ ۲ ع ھ ل و م

اور یہ تعویذ چار عدد لکھنا ایک مریض کے گلے باندھنا اور باقی تین روز مانند پانی میں ایک ایک دھو کر پلانا تعویذ یہ ہے :-

ی	ی	ع	ی	ی	می
کا	کا	کا	کا	کا	کا
فے	فے	فے	فے	فے	فے

اور یہ پلیتہ لکھ کر تین دن تک صبح شام ناک میں دھواں دینا پلیتہ یہ ہے :-

اور یہ دوا کھانے کے لئے دینا۔ نسخہ دوا کا یہ ہے۔ سونٹھ ۶ ماشے اجوائن ۶ ماشہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ کالی زیری تولہ لونگ ۶ ماشے سب کوٹ چھان کر ۴ تولے شہد ملاکر صبح شام ۷ دن کھلانا سب آزار دور ہونگے یہ طالع والے کی شادی مخفی راس یا تلا۔ یا کنیہ راس کی عورت سے فائدہ مند ہے۔ اور کرک۔ برسچک کی راس سے عورت سے شادی کرنا تکلیف پائے گا۔ اور اس طالع والے کو ۸ برس کی عمر اور ۱۲ برس کی عمر اور ۱۵ اور ۲۰ اور ۲۸ اور پچیس برس کی عمر میں بیماری سخت پائے۔ اور اس طالع والے کو تمام عمر میں تین خطرے ہیں۔ پہلا خطرہ ایک برس کی عمر میں جھڑپ کا وسواس ہے۔ دوسرا خطرہ سات برس کی عمر میں زہر کا ڈر ہے۔ ایک ہندوانی عورت سے اور تیسرا خطرہ پچیس برس کی عمر میں جادو کا خوف ہے۔ مسکونکی کی طرف سے اگر ان تینوں خطروں سے سالم رہا تو ۸۳ برس کی عمر بسر کرے گا۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اس طالع والے کو مہینوں میں رمضان کا مہینہ اور دنوں میں جمعرات کا دن اور سوموار کا دن نیک ہے۔ اس طالع والے کو یہ جسم پتھر کا تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھنا سب بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ تعویذ یہ ہے:۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یارب	یا نور	یا حی
یا قیوم	یا اھیا	یا شراھیا
یا حافظ	یا قادر	یا رزاق

اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں

★

برائے طالع برج جدی مرد کا

مکر راس ستارہ زحل یعنی ہفتہ ماہ ماگھ سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ طالع حضرت داؤد علیہ السلام کا ہے۔ ورک اس طالع والے کا سفید اور سرخ رنگ کے سانپ کا ہے۔ اور اس طالع والے کے منہ پر یا بغل میں یا چہرہ پر تل دانہ کی نشانی ہوگی یہ نشانی نیک ہے۔ اور اس طالع والے کو پانی کا اور آگ کا اور جادو ٹونے کا ڈر ہے۔ دشمنوں کی طرف سے اس طالع والے کو درخت کے نیچے سونے سے جھڑپ کا وسواس ہے۔ ۴۰ برس عمر کے بعد مالدار ہوگا۔ اس طالع والے کی چار شادیاں ہونگی اور سات اولاد ہوگی۔ ایک لڑکا دیوانہ ہوگا۔ اور اس طالع والے آدمی کو بیماری آئے گی تو درد چشم ہوگا۔ اور اس طالع والے کو بیماری ہو تو سمجھنا ہے کہ ہفتہ کے روز دوپہر کے وقت جنگل کی بلا کا سایہ ہوگا۔ فکر نہ کریں۔ ۹ دن کی مدت میں اچھا ہوگا۔ بیماری کی علامت یہ ہوگی۔ ہاتھ پاؤں میں درد اور سر کا درد اور بدن میں کچھ طاقت نہ رہے گی۔ اور نیند میں بہت بڑبڑائے دیوانہ کی طرح آنکھوں میں اس بلا کی صورت نظر آتی ہے۔ اور کھانا پانی اچھا نہ لگے۔ علاج ایک مرغ ذبح کر کے اس کے خون سے شیطان کی صورت کاغذ پر لکھ کر مریض کے بدن پر پھرا کر چاراستہ میں دفن کر دینا اور مرغ کا سر اور پاؤں مریض کے سر سے صدقہ اتار کر کہیں جنگل میں پھینک دینا صورت شیطان

کی یہ ہے ؛ ی ی ح ح ے ے لو لوم م م م

اور یہ پلیتہ تین دن مریض کے ناک میں
دھواں دینا یہ ہے ؛

طدددووورا ا ا ہ ورللعیں

اور یہ دوا کھانے کو دینا اور آرام ہوگا ؛ نسخہ دوا۔ پوست پلیلہ زرد ایک تولہ پوست بھیڑاہ ... تولہ آملہ اور سونڈ تولہ سب کو کوٹ چھان کر ۱۲ تولے شہد ملاکر صبح شام نہار منہ کھلانا تیل مچھلی مرچ سیاہ کھٹائی سے پرہیز کرانا آرام ہوگا۔ اس طالع آدمی کو تین خطرے ہیں۔ پہلا خطرہ تیسرے برس کی عمر میں جھڑپ کا وسواس ہے۔ دوسرا خطرہ آٹھ برس کی عمر میں جادو کا ڈر ایک ہندو عورت کی طرف سے تیسرا خطرہ تینتیس برس کی عمر میں جنگل میں سانپ کا ڈر ہے اور اس طالع کے آدمی کو کرک یعنی راس کی عورت سے شادی فائدہ مند ہے اور

سنکھ تلا۔ دھن راس کی عورت سے تکلیف ہو اور گھٹنوں اور بازوؤں کی بوند سے تکلیف پائے مرض اور ڈنگ بیماری کا خطرہ ہے۔ پہلے چھ دسویں میں برس میں کھانسی بلغم بادی سے دکھی ہو مبتیس، برس کی عمر میں مسافری کرے ۲۷ برس میں بھی خطرہ ہے ۱۸-۱۴-۲۵ برس میں بیماری سخت پائے۔ اگر ان سب خطروں میں بچ جائے تو ۹۲ برس کی عمر تک پہنچ گا۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اس طالع والے کو مہینوں میں شوال کا مہینہ دنوں میں ہفتہ کا دن مبارک ہے۔ اس طالع والے آدمی کو بلاؤں اور آفتوں اور دشمنوں اور زہریلے جانوروں کا خطرہ ہے۔ لازم ہے کہ جسم بہتر کا تعویذ لکھ کر پاس رکھے سب بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ تعویذ یہ ہے ؛

بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم
یا غوث	المستغیثین	استغنی
بن حستک	یا ارحم	الراحمین
یا بدوح یا مبدوح	یا قدوس	یا حافظ
اللھم احفظ صاحب	التعویذ فلاں	بن فلاں

برائے طالع مرد کا برج دلو

کنبھ راس ستارہ زحل یعنی ہفتہ ماہ پھاگن سے تعلق رکھتا ہے۔ یہ

حضرت عیسےٰ علیہ السلام بن مریم کا طالع ہے۔ اس طالع والے کا درک اُونٹ کا ہے۔ اُس طالع والے کو مہینوں میں خی لقعدہ ماہ اور دنوں میں ہفتہ کا دن نیک ہے۔ اس طالع والے کو دیوانے کتے کا سخت ڈر ہے اور ۱۷ برس عمر گذرنے کے بعد تونگری ہوگی۔ اور اس طالع والے آدمی کو تلوار کا بھی خطرہ ہے۔ اس طالع والے کے بازو یا پہلو یا چھاتی میں یا تل دانہ کا نشان ہوگا۔ یہ نشانی نیک بختی ہے۔ اور اس طالع والے کو ۵۰ پچاس برس عمر گذرنے کے بعد مال و متاع میں زیادتی ہوگی اور اس طالع والے کو بیماری پیدا ہوگی۔ تو ہفتہ کے روز ساتویں دن کے عمل میں جن کا آسانی ہوگا۔ یہ علامت ہوگی۔ سر کا درد سردی کا آنی ان پیٹ کا درد چھاتی کا آسانی تمام بدن میں درد ہوگا۔ بھوک اور پیاس کم ہوگی۔ غصہ اندیشہ بہت کرے گا۔ ٹھنڈ تپ شروع ہوگا۔ کھانسی نزلہ زکام وارد ہوگا۔ بدن بھی کمزور ہوگا۔ اور نیند میں بُرے بُرے خواب دیکھے گا۔ اور بڑبڑائے گا۔ اس کا علاج اس طرح کرنا ایک بکرا کالے رنگ کا ایک برس کی عمر کا لاکر اُس کو ذبح کرکے اُس کے خون سے دیو کی صورت کاغذ پر نکال کر مریض کے سر سے اُتار کر شہر سے باہر لے جا کر اور زمین میں دفن کر دینا اور بکرا کا سر اور پاؤں اور دل اور کلیجہ اور بیمار کے سر پر سے اُتار کر باہر لیجا کر اور اُجڑی جگہ میں کہیں ڈال دینا تاکہ کوئی جانور کھا جاویں اور اس کا جو گوشت ہے اس کو تین۔ حافظ حقیقی میں دیدیے

حصہ فقیروں کو دینا اور ایک حصہ ہمسایوں کو دینا اور ایک حصہ اپنے گھر میں پکا کر کھانا اور اس بیمار کو اس گوشت میں سے کچھ نہ کھلانا کہ منع ہے۔ اور اس بکرے کے خون سے چار تعویذ لکھنا ایک تعویذ بیمار کے گلے باندھنا اور تین تعویذ تین دن تک ایک ایک دھو کر پلانا سات روز تک آرام ہوگا۔ بحکم شافی مطلق شفا پائے گا۔ اس موجب علاج کرنے سے سب بلاؤں اور سب آفتوں سے رہائی ہوگی۔ انشاء اللہ تعالےٰ افضال حضرت متعال سے بہتر ہو جائے گا تعویذ یہ ہے۔ اور اس کو زعفران و مشک سے لکھنا یہ ہے اور اس دیو کی صورت ایک کاغذ پر لکھ کر مریض کے بدن پر پھرا کر باہر جنگل میں دفن کر دینا نقشہ دیو کی یہ ہے ؛

۱۸۰ ۱۱ ۳۰۰ ۱۱۱ ۱۰۱۰ ۸۰ ۱۱ ۳۰۰ ۱۱۱۰ ع

۶۰ ۶۸۰ ۱۱ ؛ ۱۲۰۰ ۶۸ - ۱۱ ؛ ۱۱ - ۱۰ ص

اور یہ دوا کھانے کو دینا سونٹھ تولہ مرچ سیاہ چھ ماشے اجوائن چھ ماشے
سیاہ زہری چھ ماشے پوست بھیڑاہ چھ ماشے سب کو کوٹ چھان کر
۲ تولے شہد ملا کر صبح شام تین دن تک نہار منہ کھلانا اللہ شفا دے
گا۔ اس طالع والے کی دو شادی ہونگی۔ اور پانچ اولاد ہوگی اس
طالع والے کو چھوٹی عمر میں بلندی سے گرنے کا ڈر ہے۔ اور لوگوں
سے دھوکا کھا جایا کرے گا۔ بادی روگ اور بدہضمی معدہ اور گنٹھیا
اور خون کی مرض سے تکلیف اُٹھاوے اور میکھ راس کی عورت
سے سنگھ اور دھن کی راس والی عورت سے سکھ پاوے برسچک
کنیا راس والی عورت سے شادی کرنے سے تکلیف اُٹھاوے اور
گیارہ برس اور ۱۹ برس اور ۲۵ اور ۳۰ اور چالیس برس کی عمر میں
بیماری سخت پاوے اور اس طالع والے کو عمر میں تین خطرے ہیں۔
پہلا خطرہ تین برس کی عمر میں دیو کی جھڑپ کا ڈر ہے۔ دوسرا خطرہ ۱۳
برس کی عمر میں جادو ٹونے کا ڈر ہے سکوں کی طرف سے تیسرا
خطرہ تینتیس برس کی عمر میں آگ کا ڈر ہے جنگل میں جب ان تینوں
خطروں سے بچ گیا تو ۱۰۰ برس کی عمر ہوگی۔ غیب کی خبر خدا جانتا
ہے۔ اور اس طالع والے کو جوانی میں ایک دشمن کی طرف سے
جادو کا ڈر ہے۔ خبردار رہنا چاہیئے۔ یہ جنم پتر کا تعویذ لکھ کر
گلے باندھنا سب بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ تعویذ یہ ہے:
جب تک یہ تعویذ اُس کے پاس ہو گا۔ تب تک حضرت حافظ حقیقی میں

مامون رہے گا۔ تعویذ یہ ہے:

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
یا ھو	یا من ھو	یا غیاث	اغثنی
یا جبار	یا رحیم	یا حی	یا غیاث
یا اھیا	یا شراھیا	یا رب	المستغیثین
اللھم	احفظ	صاحب	التعویذ
فلاں	بن	فلاں	بن

برائے طالع مرد کا برج حوت

مین راس ستارہ مشتری یعنی جمعرات ماہ چیت سے تعلق رکھتا
ہے۔ اور اس طالع والے کا ورک سفید مچھلی کا ہے۔ اور یہ طالع
حضرت یونس علیہ السلام کا ہے۔ اور اس طالع کے آدمی کو مہینوں
میں ذی الحجہ کا مہینہ اور دنوں میں جمعرات کا دن مبارک ہے
اور اس طالع والے انسان کو دیوانے کتے کے کاٹنے کا وسواس
ہے۔ اس طالع والے کی بغل یا منہ یا چھاتی پر تل دانہ کا نشان
ہوگا یہ نشان نیک بختی کا ہے۔ اور اس طالع والے کو راستے
میں چلنے سے گرمی سے طبیعت بیتاب ہوا کرے گی پانی میں ڈوب
جانے کا خوف ہے۔ اس آدمی کو نیا چاند دیکھ کر عورت کی صورت

دیکھے تو وہ مہینہ اُس پر مبارک گزرنے لگا۔ اس طالع والے انسان کی دو شادیاں ہونگی۔ اور چھ اُولاد ہوگی اس طالع والے کو دھن راس اور مین راس اور مکر اور ورسچک کی راس سے شادی کرنی اچھی ہے تو منتھ راس اور دھن راس والی عورت سے شادی کرے تو تکلیف اُٹھادے اِس طالع والے کی عورت بیمار اور دُکھی رہے گی اس طالع والے کو ٹانگ میں لنگ ہو یا اُس کو نقص ہو گا۔ پاؤں اور گھٹنوں اور قولنج وغیرہ انتڑیوں کی بیماری سے تکلیف اُٹھادے کانوں کی درد سے تکلیف وہ ہو خوشبو یات عطریات پھولوں کا شوق بہت رکھے چار برس کی عمر اور ۱۵ برس اور ۲۰ برس اور ۳۸ برس اور ۴۰ برس کی عمر میں بیماری سخت یادے اور اس طالع کا آدمی جوانی مین بخیل نہایت مسک ہو گا۔ مگر ماں باپ کے حق میں سخی اور سعادت بخش رہے گا۔ اس طالع کے آدمی کو اگر بیماری پیدا ہوگی اور معلوم کرنا کہ جنات کے روز نو طاس کے عمل میں سبز پری کا سایا ہوا ہے۔ اور آزار روز بروز سخت اور زیادہ معلوم ہوتا جائے گا۔ اور تمام بدن میں زردی یعنی پیلائی ماریگی اور دوا کھا نے سے فائدہ ظاہر نہ ہو تو اس طرح علاج کرنا علاج سبز پری کا۔ ایک لیموں۔ دو کیلے۔ پانچ قسم کا میوا چار پان دو سپاریاں دو ہاتھ لال ناڑا۔ ایک دوگانی بتن لال پھول دو سفید پھول چار پیلے پھول۔ ایک ہاتھ لال رنگ کا کپڑا یہ سب چیزیں لاکر ایک

دوا: - اجوائن تولہ۔ سونٹھ چھ ماشے مرچ سیاہ ۶ ماشے۔ کباب چینی ۶ ماشے۔ لونگ سات ماشہ سب کو کوٹ چھان کر کے چار تولہ شہد ملاکہ صبح و شام نہار منہ کھلانا مچھلی۔ کھٹائی مرچ۔ تیل بادی چیزوں سے پرہیز کرانا اللہ تعالے شفا دے گا۔ اور اس طالع والے انسان کو تمام عمر میں چار خطرے ہیں۔ اور پہلا خطرہ دو برس کی عمر میں جھڑپ کا وسواس ہے پریوں کی طرف سے اور دوسرا خطرہ بارہ ۱۲ برس کی عمر میں جادو ٹونے کا خوف ہے۔ دشمنوں کی طرف سے اور اپنے سکوں کی طرف سے ہوگا۔ اور تیسرا خطرہ چوبیس ۲۴ برس کی عمر میں تلوار

نئی صحنک منگا کر اس میں یہ سب رکھ کر اس مریض پر سے صدقہ اُتار کر شہر کے باہر پانی کے کنارے رکھنا اور چار تعویذ لکھنا ایک تعویذ مریض کے گلے باندھنا اور دو تعویذ روز تک دھو کر پلانا اور ایک تعویذ پانی میں ڈال کر بیمار کو غسل دینا سات روز میں شفا ہو گی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔ انشاء اللہ افضال حضرت شافی مطلق حکیم برحق سے اُسے بیمار کو بہت جلد اثر کر کے سب بلاؤں اور آفاتوں سے رہائی اور شفا حاصل ہو گی اور اس تعویذ کو مشک و زعفران سے لکھے اور تازہ پانی میں دھو کر پلایا کریں وہ تعویذ یہ ہے:۔

۲	۷	۶	۱۱	۱۶
۹	۵	۱	۲۰	۱۳
۴	۳	۸	۱۵	۱۹

اور یہ پلیتہ تین لکھ کر تین دن تک مریض کے ناک میں دھواں دینا اور یہ پلیتہ جلانے کے وقت اسپند اور عود بھی جلانا اور سب بلائیں دُور ہونگی پلیتہ یہ ہے۔ اور یہ شکل بنا کر جو صدقہ دینا ہے اس کے ساتھ پانی کے کنارے دفن کر دینا شکل پری کی تھی ہے اور یہ دوا کھانے کو دینا ہو گا۔ فائدہ ہو گا:۔

کا ڈر ہے۔ جنگل میں چوروں کی طرف سے چوتھا خطرہ پچاس[۵۰] برس کی عمر میں زہر کا ڈر ہے۔ سکوں کی طرف سے اگر چاروں خطروں سے صحیح و سالم رہے گا۔ تو تمام عمر اس کی سو برس کی ہو گی غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اور اس طالع کے آدمی کو کار خیر اور شادی کا کام کاج کو ذوالحجہ کے مہینے میں یا کہ ہفتہ کے دنوں میں جمعرات کے دن شروع کرے تو مبارک اور سازگار ہو گا۔ اور اس طالع والے آدمی کو جادو کا اور پانی کا اور جھڑپ کا اور زہر کا اور لوہے کا خوف ہے۔ ہوشیار اور خبردار ان باتوں سے رہنا لازم ہے۔ اور یہ جسم پیتر کا تعویذ لکھ کر اپنے پاس رکھنا:۔

یا اللہ	بسم اللہ الرحمن الرحیم				یا کافی
یا کافی	یا کافی	یا حی	یا قیوم	یا زہا	ف
یا حق	یا عب	ات	یا نور یا	واسطے	یا غفور
یا رب	اللہم احفظ صاحب التعویذ				یا غفر

فلاں بن فلاں *

برائے طالع نامہ عورتوں کا

یہ طالع نامہ معتبر کتابوں اور رسالوں سے منتخب کر کے مخلوق خدا کے فائدے کے لئے دعائے خیر کے لالچ کے لئے لکھ رہا ہوں۔ اگر کوئی غلطی ہو تو معاف کریں ؛

طالع عورت کا برج حمل

میکھ راس ستارہ مریخ اور سشنبہ یعنی منگل ماہ بیساکھ سے تعلق ہے ؛ اور اس طالع کی عورت کو مہینوں میں محرم کا مہینہ اور دنوں میں منگل کے دن ہر ایک کام کے واسطے نیک اور ساز دار ہے۔ بیبیوں کے طالعوں میں حضرت بی بی مریم علیہ السلام کا طالع ہے اور اس طالع کی عورت کی حقیقت اس طرح پر ہے۔ کہ یہ عورت بہت خوبصورت جمیل سیرت شکیل اور مقبول طالع اور خصلت کی نیک ہوگی۔ اور بلند قیامت یعنی اونچے قد کی اور عقل مند دسنانا اور راست گو صادق العقول صداقت پسند یعنی سچی بات کو پسند کریگی۔ اور خود بھی سچ ہوگی اور اس طالع کی عورت کا رنگ گورا دل پسند اور دوسرا سانولا نمکین

ملاحت تیسرا درجہ گندمی یعنی گیہوں لا رنگ صباحت دندان میں تین قسم کا ہوگا۔ اور اس صورت اس طالع والی عورت کی گول اور آہو چشم یعنی کالی آنکھیں اور کھلی بھویں اور رحم دل، مہربان طبیعت اور طالع ور صاحب دولت سرمایہ عیش و عشرت ہوگی۔ اور کسی کی کچھ سخت بات سننے کی طاقت اس میں نہ ہوگی۔ محض کہنے کے اس کار کو سرانجام کرے گی۔ اور اس طالع والی عورت کا سر بھی بڑا ہوگا۔ اور تیز اور بلند آزار کی ہوگی۔ اور لمبی ناک والی اور باریک ٹھوڑی کی اور باریک دنداں اک ہونٹوں کی ہوگی ؛

صدقہ یہ ہے۔ اور حمل کی دھوتی بدن کو دینا اور دش پاؤ آٹا اور ایک پاؤ نمک اور چار پاؤ چھولے ایک کوزہ پانی پینے والا ایک چھٹانک گھی قد برابر کپڑا اور ایک چراغ جلانا اور خوشبو منہ پر ملنا مفید ہے۔ آرام ہوگا۔ اور اس طالع والی عورت کو بچپن میں آزار پیدا ہو یا کہ شادی یا منگنی ہونے کے بعد بیماری سخت آوے تو معلوم کرنا کہ پری کا سایا ہوا ہے۔ جس نام آمنہ پری ہے۔ یہ پری اس عورت کے سبب کام خراب کریگی۔ اور اولاد بھی بند کر دے گی۔ اور دکھ درد ہر روز زیادہ کرے گی۔ اور یہ پری مرد اور عورت میں جدائی ڈالے گی۔ لازم ہے۔ کہ اس کا جلدی علاج کریں۔ یہ صدقہ دیں صدقہ یہ ہے

کھجوراں ۴ عدد عبیر ایک تولہ چار لال ناڑے۔ ناریل چار تولہ خشخاش چار تولہ یا پانچ پان چار سپاریاں الکھی الکھی فلیل کا تیل ۶ ماشہ مصری آدھا تولہ صندل تولہ دو ہاتھ سرخ کپڑا سرخ پھول ۹ عدد کیلے تین عدد اور پانچ قسم کا میوا اور ایک ماشہ چاندی یہ سب چیزیں لاکر ایک نئی صحنک میں رکھ کر جمعرات کے روز اُترتے وقت یعنی دن کے غروب ہونے کے وقت صدقہ بیمار پر سے اُتار کر کسی ایک باغ کے کنارے رکھ کر چلے آنا اور مریض کو گرم پانی کر کے نہلا کر اور ساتھ یہ تعویذ ۹ عدد لکھنا اور ایک مریض کے گلے باندھنا اور ایک دائیں بازو میں باندھنا اور باقی سات عدد ہر روز ایک ایک دھو کر پلانا مگر ان تعویذوں کو مشک و زعفران سے لکھنا وہ تعویذ یہ ہے۔ اور نہار منہ پلانا کرنا اور یہ پلیتہ ناک میں دھواں دینا۔ خدا اپنا فضل کرے گا۔ پلیتہ یہ ہے :

۷۸۶

یا غفور یا اللہ	یا قیوم	یا حی	یا حق	یا رب	یا رافع

دکھ دینی اولاد کے لیے

اگر شادی ہو گئی ہو مگر اولاد نہ ہوتی ہو تو اولاد ہو گی اور پری کا سایہ دور ہوگا۔ سب بلیات رفع ہونگی اور اس طالع

والی عورت کے پہلو میں یا کہ چھاتی میں تل دانہ کی نشانی ہو گی یہ نشانی، نیک بختی اور سعادت مندی ہے۔ اور اس طالع والی عورت کو محرم کے مہینہ میں دشمنوں کی طرف سے کچھ نہ کچھ نقصان ہوگا وہ خواہ جانی زیاں ہو یا مالی مگر اس مہینے میں اس عورت کو ضرور بر ضرور نقصان ہوگا۔ لازم ہے۔ کہ اس مہینے میں ساتھ ہوشیاری اور خبرداری کے رہے اگر سب دشمن اس کے ذلیل ہونگے جو ضیم نتیجہ کا تعویذ ہے۔ اپنے پاس رکھے :: اور اس طالع کی عورت پر چار خطرے ہیں۔ پہلا خطرہ چھ مہینہ کی عمر میں جادو کا ڈر ہے۔ پر گاؤں میں دوسرا خطرہ ۲ برس کی عمر میں ڈوب کر مرنے کا اندیشہ ہے تیسرا خطرہ ۳ برس کی عمر میں آگ کا خوف ہے۔ چوتھا خطرہ ۱۵ برس کی عمر میں دیو پری کا سایا سے اگر ان سب خطروں سے صحیح وسالم رہی تو کل عمر اس طالع والی عورت کی ۸۲ برس کی ہو گی۔ غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ اور اس طالع والی عورت کو ۳۲ برس عمر گزرنے کے بعد مال و متاع دنیاوی بہت ہاتھ آدے گا۔ دولت میں افزائش ہو گی اور اس طالع والے کو اگر بیماری پیدا ہو تو یہ معلوم کرنا کہ جمعرات یا منگل وار کے روز عین دوپہر کے وقت میں جنگل کی ملامت کا سایہ کے جھپٹ ہوئی ہے۔ اور یہ آزار پیدا ہونگے سر کا درد اور پیٹ کا درد اور کمر کا درد اور کالیجے کا درد اور ہاتھ پاؤں کا درد اور بھوک و پیاس نہ لگے۔ اور ٹھنڈا

تپ شروع ہوگا۔ اور سردی اور کھانسی نزلہ زکام اور تمام بدن کا
درد ہوگا۔ اور نیند میں بڑے بُرے خواب دیکھنگی اور کمزوری
بدن ہوگی اور بہت غصہ کرے گی۔ یہ علامت ظاہر ہیں تو یہ صدقہ
اس علامت کا دینا کھلی تہ۔ ایک ہاتھ پرانا کپڑا مریض کے بدن
کا اور پاؤ ماش اور پانچ پان اور تین ۳ ڈبی سپاریاں کی اور دو ۲ کیلے
اور ایک لیموں اور دو ۲ تولے نمک اور ایک تولہ ہلدی اور دو ۲ تولے
تیل اور ان سب چیزوں کو ایک نئی مٹی کی صحنک میں رکھ کر اور
ترسٹے دن بیمار پر سے صدقہ اُتار کر اور شہر سے باہر لے جاکر کہیں کسی
کنویں میں رکھ کر چلے آنا اور مریض کو پانی گرم کرکے نہلانا اور یہ تعویذ
آٹھ عدد لکھنا اور ایک مریض کے گلے باندھنا اور سات روز ایک
دھو کر پلانا انشاءاللہ حضرت حکیم مطلق شفا ہوگی دسواس کچھ نہ رکھنا۔
اور یہ پلیتہ لکھنا تین عدد بیمار کے ناک میں دھواں دینا اللہ شفا دے
گا۔ وہ یہ ہے وہ پلیتہ یہ ہے۔ تعویذوں اور پلیتوں کو زعفران و مشک
سے لکھنا یہ ہے :۔

ی اال ام الا ک ح دا ی ا
ی لال ال اہ الا ی ح ودد وا ع

عجی عجی عجی عجی

اگر ان تعویذوں اور پلیتوں سے آزار دفع نہ ہو تو اس کا علاج
اس طرح کرنا علاج ایک رنگ کا کالا یا سُرخ رنگ کا ایک
ایک برس عمر کا مرغ لاکر اور اُس کو ذبح کرکے اُس کے خون سے
ایک پری کی صورت کاغذ پر لکھ کر جہاں چوراستہ ہو اسجگہ دفن کرنا
انشاءاللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آرام ہوگا۔ پری کی شکل یہ ہے،

اور یہ دوا کھانے کو دینا دوا یہ ہے۔ سونٹھ تولہ لونگ آدھا
تولہ دارچینی ۶ ماشے مصطگی ۹ ماشہ سب کو کوٹ کر چار تولہ
شہد ملاکر نہار منہ فجر کے وقت تین روز کھانے کو دینا تیل مچھلی مرچ
لال بادی کھٹائی سے پرہیز کرانا اللہ شافی شفا دے گا۔ اور تندرست
ہوگی۔ اور اس طالع والی عورت کو یہ تعویذ جسم بہتر کی لکھ کر گلے
باندھنا ہر ایک آفات اور بلیات سے بحکم خدا محفوظ رہے گی وہ

یہ ہے مشک زعفران سے لکھے:۔

یاثم الذی	لا الہ	الا ہو	طغوت
والصلغا	العلہ	الاسماء	الحسنے
ادلبجا	البصتد	یا حے	یا ماب
یاقیوم	اللھم ستار	احفظ صاحب فلاں بن	المتنوینی شلال

برائے طالع عورت کا برج ثور

ہندی برکھ راس ستارہ زہرہ یعنی جمعہ ماہ حبیشہ سے تعلق ہے۔ ورک اس کا بجنس کا ہے۔ اور اس طالع والی عورت کو مہینوں میں صفر کا مہینہ اور دنوں میں جمعہ کا دن ہر کام و کار دبار کیلئے مبارک ہے۔ اور بیبیوں سے طالعوں میں یہ طالع حضرت بی بی کلثوم رضی اللہ عنہ کا ہے۔ اور اس طالع والی عورت کی خیر اور خصلت اور عادت رنگ و روپ شکل و شمائل نیکی اور بدی اس طرح پر ہے۔ رنگ سانولا ہو اور دوسرا گہیلا لال رنگ زردی اور سفید آمیز جیسے سنہری رنگ بھی سمجھتے

ہیں۔ اور گول گول پیاری پیاری صورت اور اس مہتاب کے گرد چہرہ پر کالے کالے لمبے لمبے بال اور کشادہ ابرو یعنی بھویں اور بلند قامت کی اور بڑی قلمی ناک کی بہت کشادہ ہوگی۔ تیسری وجہ یہ ہے۔ گوراگورا رنگ چاند کی صورت اور بزرگ صورت پیشانی اور آواز کی نازنین دلنشین ہوگی۔ اس طالع عورات بہت خوبصورت ہوگی۔ سر قامت سیدھے قد کی اور لمبے لمبے ہاتھ بہت خوبصورت آنکھوں کی ہوگی اور اس طالع کی عورت عیش و عشرت پسند ہوگی۔ اگر اس عورت کی جلد شادی نہ ہو اور بخت جلد نہ کھلے تو سمجھنا کہ سریان پری کی طرف سے یہ حرکت ہوتی ہے۔ اور مقام اور اس پری کا باغ میں ہوتا ہے۔ اور اس پری کے سبب سے اس عورت کا بخت نہ کھلے یا اولاد نہ ہو یا پیدا ہوکر مرجاتی ہے اولاد بند ہو جائے تو یہ پری کی حرکت ہے۔ سریان پری کے نام کا صدقہ دینا اس آزار سے آرام ہوگا۔ اس کا صدقہ یہ ہے۔ صدقہ سریان پری کا:- ناریل ۶ بیر ۶ عود ۶ ماشے صندل ۶ ماشہ پھلیل کا تیل ۶ ماشے پان پانچ سپاریاں پانچ عدد کنیر سفید کے پھول دس عدد پانچ لال ناڑے۔ کون کون تولہ سب کو صحنک میں رکھ کر اس مریض کے سر سے اتار کر جمعہ کے روز اترتے وقت باغ کے کنارے یا کسی پانی کے کنارے رکھنا اور گرم پانی سے مریض کو نہلانا اور یہ تعویذ مشک زعفران سے چار عدد لکھنا اور ایک

گلے باندھنا اور تین عدد ہر روز ایک دھو کر نہار منہ پلانا اس کا بخت کھل جائے گا۔ سب مرادیں پوری ہونگی اور شادی بھی ہو گی۔ اور اولاد بھی ہوگی۔ تعویذ یہ ہے :.

ی ی ی ی ۱۱۱	ح ح ح ح	ی ی ی ی ۱۱۱	ی ی ی ی ی	۱۱ ۱۱ ۱۱ ۱۱	و و و	م ح ح ح ح

اور مرد اس عورت کو طالع ثور یا سنبلہ یا جدی کا چاہیئے اور اس طالع والی عورت کو اولاد ہو کر مر جاتی ہو تو لازم ہے۔ کہ مریان پری کے نام سے رجب کے مہینے پر مہ کے نام کا ہر سال طبق دینا اس کا اُتارا ہے۔ کہ سات پاؤ چاول کا میٹھا کھانا اور سات قسم کا میوہ اور مٹھائی اور حضرت خاتون جنت کے نام سے فاتحہ دیکر سات فاداں بچوں کو جمعرات کے روز ضرور کھلانا اس طالع والی عورت کو اگر سخت آزار پیدا ہو تو معلوم کرنا کہ جمعہ کے دن ۸ طابس کے عمل میں پانی کی بلا کا سایہ یا جھڑپ ہوئی ہے۔ یہ علامت پیدا ہوگی۔ درد پیٹ۔ درد سینہ۔ آدھے سر کا درد نزلہ زکام کھانسی تمام بدن کا درد کھانا پانی اچھا نہ لگے اور جسم بے طاقت ہو جائے

یہ اس کی علامت ہے۔ خاطر جمع رکھنا کہ خیر ہوگی ۹ نو دن کی مدت میں آرام ہوگا۔ اس بلا کا صدقہ دینا۔ صدقہ یہ ہے۔ نیل پاؤ مالش پاؤ۔ نمک پاؤ ہلدی تولہ۔ پان تین ۳ عدد سپاری ۲ عدد میلا کپڑا بدن کا ڈیڑھ ہاتھ ان سب کو نئی صحنک میں رکھ کر مریض عورت آفت رسیدہ کے سر سے اُتار کر شہر کے باہر لے جا کر پانی کے کنارے یا کسی درخت کے نیچے جمعہ کے دن بعد دوپہر رکھ دینا اور پانی گرم کر کے بیمار کو غسل دینا اور یہ تعویذ چار عدد لکھ کر ایک مریض کے گلے باندھنا اور ایک ایک تین ۳ روز تک دھو کر پلانا اللہ تعالےٰ شفا دے گا :. تعویذ یہ ہے :.

یا حنان	یا حنان	یا دیان	یا سبحان	یا غفران	یا لطیف	یا رافع

اور یہ تین پلیتہ لکھ کر تین روز تک مریض کے ناک میں دھواں دینا۔ پلیتہ یہ ہے :.

ححح	ححح	ححح	ححح

اور یہ دوا کھانے کو دینا دوا کا نسخہ یہ ہے۔ ہلیلہ تولہ بلیلہ تولہ اجوائن تولہ سونٹھ تولہ منقہ ۶ ماشے سب کو کوٹ چھان کر چار تولہ شہد ملا کر تین روز نہار منہ کھلانا تیل مچھلی کھٹائی مرچ سُرخ سے پرہیز کرنا شفا ہوگی۔ اور اس طالع کی عورت کی پیٹھ پر یا کسی اور اعضا پر تل دانہ کا نشان ہوگا۔ یہ نشان دولت مندی کا ہے۔ اس طالع والی کو دیو کا سایہ ہو تو اس کا علاج اس طرح کرنا مُرغ سیاہ ذبح کر کے اُس کے خون سے یہ دیو کی صورت کاغذ پر نقش کر کے عورت کے بدن پر پھیرا کر بڑ کے درخت کے نیچے دفن کر دینا۔ دیو کی شکل یہ ہے :۔

اس طالع والی عورت کو چار اولاد ہوگی۔ اور اس طالع والی کو دشمن کی طرف سے جادو کا وسواس ہوگا یہ تعویذ لکھ کر عود کی دھونی دیکر گلے باندھے جادو اثر نہیں کرے گا۔ تعویذ یہ ہے :۔ یا غفور یا قہار یا دافع یا رب یا نور یا حفیظ یا ودود

اس طالع والی عورت پر تمام عمر میں تین خطرے ہیں۔ پہلا خطرہ چار برس کی عمر میں جادو کا ڈر ہے۔ دوسرا خطرہ ۷ برس کی عمر میں زہر کا ڈر ہے۔ تیسرا خطرہ ۱۷ برس کی عمر میں ندی یا نالے یا کنواں کا ڈر ہے۔ اگر اللہ سب خطروں سے ثابت رہی تو ۹۹ برس کی عمر ہوگی غیب کی خبر خدا جانتا ہے۔ یا جنم پتر کا تعویذ لکھ کر گلے باندھنا سب بلاؤں سے محفوظ رہے گی تعویذ یہ ہے ۔ سی نیش ب شیشب ے

یا عظیم بسم اللہ الرحمن الرحیم یا علیم
یا کریم یا رحیم یا قدیم یا یا فتح
یا علی یا غفور یا احیا یا شراھیا یا حق
یا رب اللھم احفظ صاحب التعویذ فلاں بن فلاں

برائے طالع برج جوزہ عورت کا

ہندی مقن راس ستارہ عطارد یعنی بدھ ماہ ھاڑ سے تعلق ہے۔ اس طالع کا ورک دو عربان اطفال کا ہے۔ اس طالع والی عورت کو مہینوں میں ربیع الاول کا مہینہ اور دنوں میں چار شنبہ کا دن مبارک ہے :۔

اور بیبیوں کی طالع ہیں حضرت زینب کا طالع ہے۔ اگر اس طالع والی
عورت کی جلد منگنی ہوگی شادی اُولاد ہوگی اور اس طالع کی عورت کو
دشمنوں کی طرف سے سخت نقصان پہنچے گا۔ لازم ہے کہ یہ تعویذ لکھ کر
پاس رکھے تعویذ یہ ہے۔ یا ھو یا من ھو یا ھو یا حی یا قیوم یا دائم
یا رب یا حق اگر اس طالع والی عورت کو صبح کے وقت نیند سے اٹھ
کر اپنی ہتھیلیوں کو آپ دیکھے گی اور اپنے منہ پر مل لیوے تو وہ دن تمام
خوشی سے گذرے گا۔ اس طالع والی عورت کا بخت بہت جلدی
نہ کھلے یا شادی ہو جائے اور اولاد پیدا ہوتی ہو یا ہو کر مر جاتی ہو
یا ہوتی ہوئی بند ہو جائے تو معلوم کرنا کہ غالب پری کی طرف سے
یہ حرکت ہوتی ہے۔ اس پری کا مقام اور بودوباش لیموں کے
درخت کے اوپر ہے۔ اس پری کا صدقہ دینا سب بلا دفع ہوگی
صدقہ غالب پری کا پانچ عدد کھجور۔ آدھی نارجیل۔ مصری ۲ تولہ
شکر ۳ تولہ سات پھول چنبیلی۔ دو ہاتھ لال ناڑا ایک سن کپڑا۔
پھلیل کا تیل ۶ ماشے زعفران ۶ ماشے۔ عود ماشہ [illegible]
پان پانچ عدد سپاریاں ۴ عدد۔ لیموں دو عدد۔ پانچ طرح کا میوہ
پاؤ۔ چاندی ایک ماشہ اس سب چیزوں کو ایک نئی ٹوکری میں رکھ
کر اس عورت پر سے اُتار کر بدھ کے دن اُترتے دن باغ میں لے
جاکر لیموں کے درخت کے نیچے رکھ کر چلے آنا اور یہ تعویذ مشک و
زعفران سے لکھ کر ایک گلے باندھنا اور ایک دھو کر پلانا خدا کے حکم سے

اس عورت کا بخت کھل جائیگا شادی ہو جائیگی اور اُولاد بھی ہوگی۔
ان سب حرکتوں کا باعث تنہا ہی ایک پری ہے۔ اس کا دوسرا اور کو
علاج نہیں ہے۔ اس تعویذ کی برکت اور اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم
سے سب بلا دُور ہونگی یا منان یا دیان یا قیوم یا ودود یا غفور
یا رؤف یا غیاث یا حق یا حافظ یا رحمان یا رحیم زعفران سے لکھنا
ہے۔ اگر اس طالع کی عورت کو اگر سخت بیماری پیدا ہو تو معلوم کرنا
کہ چہارشنبہ کے روز پانچ طاس کے عمل میں باغ کی ملامت کا سایا ہوا
ہے۔ جھپٹ میں آئی ہے۔ سات روز اس پر بہت بھاری ہے۔ مگر ذکر ہیں
